© rasailojaraid.com





# تعارف تبصرہ کتب

کتاب: برصغیر میں قرآن فہمی کا تنقیدی جائزہ مؤلف: ڈاکٹر محمد حبیب اللہ قاضی چترالی

ضخامت: ۸۲۴ صفحات قیمت درج نہیں ناشر: زمزم پبلشرز کراچی' شاہ زیب سینٹر نزد مقدس ؓ مسجد اردو بازار کراچی

---

قرآن کریم اللہ جل شانہ کی آخری کتاب ہے' کیونکہ یہ آسمانی آفاقی کتاب حضور خاتم النبیین ﷺ پر نازل کی گئی۔ چونکہ آپ ؐ اللہ کے آخری پیغمبر ہیں اس لئے آپ پر نازل شدہ کتاب بھی آخری کتاب ہے' علامہ فرماتے ہیں۔

آں کتاب زندہ قرآن حکیم حکمت اولایزال است وقدیم

نوع انساں راپیام آخریں حاملِ اورحمۃ للعالمین

نزول قرآن سے لے کر آج تک اس کتاب عظیم کی مختلف زاویوں سے جو خدمت کی گئی ہے' اس کی مثال سے دنیا کی تاریخ عاجز ہے' اوران شاءاللہ اس کتابِ زندہ کی خدمت کا سلسلہ تا صبح قیامت جاری وساری رہے گا۔

زیرتبصرہ کتاب ''برصغیر میں قرآن فہمی کا ایک تنقیدی جائزہ'' اسی سلسلۃ الذھب کی ایک سنہری کڑی ہے جس میں مؤلف جناب ڈاکٹر قاضی محمد حبیب اللہ چترالی زید مجدہ نے برصغیر میں مختلف مسالک سے تعلق رکھنے والے' مفسرین کی تفاسیر کا تحقیقی انداز میں تنقیدی جائزہ لیا ہے۔ یہ کتاب درحقیقت وہ مقالہ ہے جو کہ پی ایچ ڈی کے لئے بطور موضوع آپ کو سپرد کیا گیا تھا' آپ نے یہ زریں مقالہ سینکڑوں مستند کتب موثوق مصادر ومراجع کی روشنی میں پورے بسط اور تفصیل کے ساتھ شستہ وشگفتہ اردو زبان میں زیب قرطاس فرمایا ہے' گو کہ مقالہ موضوع ''برصغیر میں قرآن فہمی کا تنقیدی جائزہ'' سے یہ بات مترشح ہوتی ہے کہ یہ جائزہ صرف برصغیر میں لکھی گئی تفاسیر پر محیط ہوگا' لیکن ایسا نہیں بلکہ مولف موصوف نے خیرالقرون سے لے کر آج تک کے اکثر وبیشتر مفسرین کے مناہج پر سیر حاصل تبصرے کئے ہیں' اہل السنہ والجماعۃ اور فرق باطلہ کی تفاسیر پر پوری عرقریزی سے کلام کیا ہے' جس کی وجہ سے مؤلف' مدہا داد وتحسین کے مستحق اور لائق ہیں۔

مؤلف کی محنت اور کوشش وعرقریزی کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ کتاب کے آخر میں آپ نے جن مراجع مصادر اور مآخذ کی نشاندہی کی ہے اور جن کی مدد سے یہ بہترین مقالہ اور زرین کتاب منصہ شہود پر آئی ہے ان مراجع کی تعداد ۶۰۰ چھ سو سے متجاوز ہے۔



© rasailojaraid.com